حیسکو پریس رلیز مورخہ :31.01.2022

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر ڈائریکٹر S&I اعجاز احمد شیخ کی سربراہی میں ہیرآباد سب ڈویژن کے علائقوں ظفر ہاؤسنگ سوسائٹی اور مرحبا سٹی میں کاروائی کے دوران مجموعی طور پر 116 بجلی کے کنکشن ڈائریکٹ چلائے جارہے تھے، جس میں بنگلوز، مکان اور کمرشل دوکان شامل ہیں۔ بجلی کنکشن فوری طور پر منقطع کردیئے گئے، اور SDO ہیرآباد تمام صارفین کو جلد میٹر لگا کردیں اور یونٹس بھی وصول کریں۔ حیسکو چیف

حیدرآباد(      ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں حیسکو چیف کی خصوصی ہدایات پر S&I اور حیسکو ہیرآباد سب ڈویژن کی ٹیم نے ہیرآباد کے علائقوں ظفر ہاؤسنگ سوسائٹی اور مرحبا سٹی کے رہائشی اور کمرشل بجلی کنکشنوں کی چیکنگ کی جس میں مجموعی طور پر 116 بجلی کنکشن ڈاریکٹ بجلی استعمال کرتے ہوئے پائے گئے کارروایاں کرتے ہوئے تمام بجلی کنکشن منقطع کردیئے، جس میں 109 بنگلوز اور گھر اور 07 دوکانیں شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اعجاز احمد شیخ کی سربراہی میں، ڈپٹی ڈائریکٹر S&I جاوید احمد صدیقی، AD ولیداد چانڈیو، انسپیکٹر دیدار علی جاموٹ، فراز شاہ اور SDO ہیرآباد سب ڈویژن اسد ابڑو نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ہیرآباد کے علائقے ظفر ہاؤسنگ سوسائٹی میں بجلی کنکشنوں کی چیکنگ کی تو وہاں پر اکثر تعداد میں صارفین نے ڈمانڈ نوٹس جمع کروائے ہوئے ہیں، مگر کسی ایک کا بھی بجلی کا میٹر قانونی طریقے سے نصب نہیں کیا گیا، جس پر S&I کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 69 بنگلوز اور رہائشی گھروں کے ڈائریکٹ بجلی کنکشن منقطع کرکے تاریں اپنی تحویل میں لے لی ہیں، اس کے علاوہ اس ہی سوسائٹی میں 07 عدد کمرشل دوکانیں بھی ڈائریکٹ کنڈہ لگا کر بجلی استعمال کرتی ہوئی پائی گئیں، جن کی بجلی بھی منقطع کردی گئی ہے۔ اس کے علاوہ مرحبا سٹی میں بھی بجلی کنکشن کی چیکنگ کے دوران 40 عدد بنگلوز اور مکانوں کی بجلی بھی بغیر میٹروں کے ڈائریکٹ چلائی جارہی تھی، جس کو فوری طور پر منقطع کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی خصوصی ہدایات پر یہ کارروائی کی گئی ہے، حیسکو چیف نور احمد سومرو نے SDO ہیرآباد کو سختی سے ہدایات دیں ہیں کہ مندرجہ بالا علائقوں میں جس صارفین نے بجلی کے کنکشن کیلیئے ڈمانڈ نوٹس جمع کروادیا ہے سب کے بجلی کنکشن فوراً لگا دیں اور میٹر نصب کرکے ان سے گذشتہ یونٹس بھی وصول کیئے جائیں، اور جنھوں نے ابھی تک قانونی کنکشن کیلیئے ڈمانڈ نوٹس نہیں جمع کروائے انہیں ڈمانڈ نوٹس بنا کردیئے جائیں تا کہ بینک میں جمع کرواکے اپنا بجلی کا کنکشن قانونی طریقے سے چلاسکیں۔ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوری کا خاتمہ بہت اہم ہے، جس سے صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی اور حیسکو کو ریونیو ملے گا جس سے حیسکو کا نظام بہتر طریقے سے چل سکے گا، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے۔ حیسکو چیف نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ اپنے ذمے تمام حیسکو کے واجب الادا رقوم مقررہ وقت کے اندر جمع کروادیں تا کہ آپ کے بجلی کے کنکشن چل سکیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔



حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو کی ہدایات پر ڈائریکٹر S&I اعجاز احمد شیخ کی سربراہی میں ہیرآباد سب ڈویژن کے علاقوں ظفر ہاؤسنگ سوسائٹی اور مرحبا سٹی میں کاروائیاں جاری ہیں